16 اکتوبر 2020

محترم CPS فیملیز،

ہمیشہ سے ہماری اولین ترجیح اپنی CPS کمیونٹیز کو صحت مند اور محفوظ رکھتے ہوئے اپنے طلباء کو دنیا کی بہترین تعلیم فراہم کرنا رہی ہے۔ ہمارے معلمین اور اسکول کے عہدیداروں کی انتھک محنت کا شکریہ، جس کی بدولت بہار کے موسم سے ہمارے طلباء کے آن لائن سیکھنے کے تجربے میں ڈرامائی انداز میں بہتری آئی ہے۔ البتہ، یہ ایک روایتی کلاس روم کا نعم البدل نہیں ہو سکتی، خصوصاً ہمارے نوعمر سیکھنے والوں اور ایسے طلباء کے لیے جو معتدل اور انٹینسو کلسٹر پروگرامز میں مندرج ہوئے ہیں جنہیں فاصلاتی تعلیم کے کسی بھی فارمیٹ میں موزوں انداز میں نہیں پڑھایا جا سکتا۔ مساویانہ معاملے کے طور پر، یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم اپنی کوششوں کے دائرہ کار کو بڑھائیں اور یہ یقینی بنانے کے لیے شخصی تعلیم فراہم کرنے کے مواقع تلاش کریں کہ ہمارے طلباء تعلیم اور ترقی حاصل کر سکیں۔

**مساوات کی یقین دہانی اور اپنے سب سے زیادہ غیر محفوظ طلباء کی حفاظت کرنا**

جیسا کہ اس تعلیمی سال میں ہمارے طلباء کو ان کے درپیش چیلنجز پر قابو پانے کو مدِنظر رکھتے ہوئے، مجموعی طور پر ہمارے طلباء کی حاضری اور مصروف عمل رہنے کی سطحیں بہت پائیدار رہی ہیں، لیکن پری-k اور کلسٹر پروگرامز کے طلباء میں اندراج اور حاضری کے ڈیٹا میں دیکھی جانے والی تنزلی ناقابلِ قبول ہے۔ ملک بھر میں دیکھے جانے والے یکساں رجحان کی پیروی میں، پری-k طلباء، کلسٹر پروگرامز میں شامل طلباء، اور سیاہ فام اور لاطینی طلباء گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم تر شرح سے مصروف عمل ہو رہے ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آن لائن تعلیمی عمل ہمارے بہت سے طلباء کے لیے کام نہیں کر پا رہا، اور طلباء کو محفوظ انداز میں واپس اسکول میں لانے کے لیے ہمیں لازماً ہر ممکنہ طریقہ کار کی کھوج لگانی چاہیئے۔

ہمارے زیادہ زد پذیر طلباء کے لیے محفوظ، شخصی ہدایت کی دستیابی غیر جانبداری کا ایک مسئلہ ہے، اور اس کا مطلب ہے کہ ہم — معلمین، فیملیز، اور طلباء — کو اس مسئلے کا لازماً کوئی فوری حل نکالنا چاہیئے اور اپنے انتہائی ضرورت کے حامل طلباء کو محفوظ اور معاونتی تعلیمی ماحول فراہم کرنا چاہیئے۔ جب کہ ہم گھر پر تعلیمی عمل کی دوسری سہ ماہی کا آغاز کریں گے، ہمارا ہدف اسکول کی عمارات کو پری-k کے طلباء اور ان طلباء کے لیے دوبارہ کھولنے کا ہے جو معتدل اور انٹینسو کلسٹر پروگرامز میں بعد میں دوسری سہ ماہی میں اندراج کروائیں گے۔

**طلباء کا محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں اسکول کی عمارات میں واپسی پر خیر مقدم کرنا**

اپنے سب سے کم عمر طلباء سے آغاز کرتے ہوئے جو کہ شخصی تعلیم سے سب سے زیادہ مستفید ہوں گے، ہمارا مرحلہ وار دوبارہ آغاز پری-k کے طلباء اور کلسٹر پروگرامز کے زیادہ تر طلباء کو شخصی تعلیم کے لیے ہفتے میں پانچ دن خوش آمدید کہے گا۔ خصوصیات کے حامل کچھ اسکولز سماجی فاصلہ بندی کو اپنانے کے لیے ہائبرڈ ماڈل پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں۔

موسمِ بہار سے، ڈسٹرکٹ نے اپنے طلباء کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے ہیں جو کہ ذیل میں بیان کردہ ہیں۔ جب اسکولز دوبارہ کھلیں گے، تو طلباء اور عملہ صحت کے اسکرینرز، درجۂ حرارت کی پڑتالیں، سماجی فاصلہ بندی کی سختی سے پابندی، اور ہمہ وقت چہرہ ڈھانپ کر رکھنے کے تقاضے سمیت مختلف انواع کے نئے حفاظتی اقدامات کو نوٹس کریں گے۔ ہمارے صحت عامہ کے اہلکاروں کے مطابق، موزوں انداز میں سماجی فاصلہ بندی کے لیے ہمارے پری-k پروگرام کے لیے کلاس کے محدود کردہ سائز (15 طلباء تک) کی اجازت ہے، اور شخصی ہدایت حفاظتی انداز میں فراہم کی جا سکتی ہے۔ بہت سے ڈے کئیرز اور پری اسکولز موسمِ بہار سے کھل گئے ہیں جن میں

COVID-19 کی منتقلی کے کیسز کی تعداد بہت قلیل پائی گئی ہے، اور قومی ڈیٹا نے ظاہر کیا ہے کہ اسکولز اس طرح کی منتقلی کا نمایاں ماخذ نظر نہیں آتے۔

کلسٹر پروگرامز میں اندراج کردہ طلباء کے والدین نے بھی ہمیں بتایا ہے کہ ان کے بچوں کے لیے آن لائن تعلیمی عمل کافی دشوار ہے، اسکول میں کلسٹر پروگرام کا دوبارہ آغاز ہمیں اپنے طلباء کے لیے اہم شخصی معالجاتی خدمات کی فراہمی کے قابل بنائے گا۔

**پری-k یا معتدل اور انٹینسو کلسٹر پروگرامز میں اندراج کردہ بچوں کی حامل فیملیز**
اگلے ہفتے سے آغاز کیا جا رہا ہے، ڈسٹرکٹ تمام پری-k یا کلسٹر پروگرامز میں شامل بچوں کی فیملیز کو ان کی شخصی تعلیمی عمل میں واپسی کی خواہش کو سمجھنے کے لیے اپنا ارادہ ظاہر کرنے کا ایک فارم ارسال کرے گا۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ اسکولوں کا عملہ ضرورت کے مطابق ہے اور دوبارہ آغاز کے منصوبے کے لیے مناسب وقت موجود ہے، یہ بات اہم ہے کہ ہمیں معلوم ہو کہ کتنی فیملیز اپنے بچوں کو واپس اسکول بھیجنے میں مطمئن ہیں۔ فیملیز کو ارادہ ظاہر کرنے کا فارم 28 اکتوبر تک پُر کرنا ہو گا۔ ایسی فیملیز جو گھر پر تعلیمی عمل کو جاری رکھنے کا انتخاب کرتی ہیں وہ تیسری سہ ماہی تک شخصی تعلیمی عمل میں اندراج کے قابل نہیں رہیں گی۔ **براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے اسکول کے پاس آپ کی فیملی سے رابطے کی تازہ ترین معلومات موجود ہیں تاکہ آپ کو فارم کی وصولی یقینی بنائی جا سکے۔**

**فیملیز کی بات سننا اور اس خزاں میں مصروف عمل رہنے کے لیے اضافی مواقع**
جیسا کہ ہم شروع سے ہی اس بات کے لیے پُرعزم ہیں، ہم محض اسی صورت میں اسکولوں کے دوبارہ آغاز پر غور کریں گے جب ہمارے صحت عامہ کے اہلکاروں کو یقین ہو گا کہ ایسا کرنا محفوظ ہے۔ البتہ، ہم اپنی فیملیز کے اس حق کو تسلیم کرتے اور حمایت کرتے ہیں کہ وہ اپنی ضروریات کے اعتبار سے فیصلہ کریں۔ ہم نے اپنے اسکول کے عہدیداروں کو اپنی پری-k اور کلسٹر فیملیز سے بات چیت کا آغاز کرنے کے لیے کہا ہے تاکہ ان کی ضروریات کے متعلق بہتر سمجھ بوجھ حاصل کی جائے۔ اس خزاں میں آگے چل کر، ڈسٹرکٹ کی جانب سے ایسی نئی پالیسیز اور ضابطوں کو مکمل طور پر لاگو کر دینے کے بعد جو ہمارے اسکولوں میں عام طور پر قابلِ عمل ہوں گی، ہم جنوری 2021 میں شخصی تعلیمی عمل کو ممکنہ طور پر اضافی گریڈز کے لیے توسیع دینے کے حوالے سے کمیونٹی سے بات چیت کریں گے۔

ہمارے طلباء اور عملے کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح رہتی ہے، اور ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم تازہ ترین صحت عامہ کی رہنمائی پر عمل پیرا ہیں، صحت عامہ کے اہلکاروں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے۔

ہم آپ کی ان تمام کاوشوں کے شکر گزار ہیں جو آپ نے گھر پر تعلیمی عمل کو کامیاب بنانے کے لیے انجام دی ہیں۔ **اگر آپ کا بچہ پری-k یا کلسٹر پروگرام میں شامل ہے تو براہ کرم ارادہ ظاہر کرنے کے فارم کو 28 اکتوبر تک مکمل کر لیں۔** اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم cps.edu/reopening2020 ملاحظہ کریں۔

مخلص،

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لاتانیہ ڈی مک ڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

**پری-k اور کلسٹر پروگرامنگ پر اضافی معلومات اور صحت اور تحفظ کے پروٹوکولز**

**ایک محفوظ اور صاف ستھرے تعلیمی ماحول کی فراہمی**

شکاگو شعبہ برائے صحت عامہ (Chicago Department of Public Health) (CDPH) اس وقت صحت عامہ سے متعلقہ استحکام کے پیشِ نظر اسکولوں کے مرحلہ وار آغاز کی حمایت کرتا ہے۔ بیماری پر کنٹرول اور بچاؤ کے مراکز کی جانب سے رہنمائی کے مطابق، CDPH اس صورت میں شخصی ہدایت کی حمایت کرے گا جب شہر میں COVID-19 جانچ کے مثبت آنے کی شرح پانچ فیصد سے کم پر رہے گی۔

جبکہ کسی بھی عوامی اجتماع کے لیے خطرے کی سطح موجود ہے، ڈسٹرکٹ نے ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے جس میں صحت اور حفاظتی پالیسیز اور ایسے طریقہ ہائے کار شامل ہیں جو مقامی، ریاستی، اور وفاقی رہنمائی کے مطابق ہیں۔

ہمارے دوبارہ آغاز کے فریم ورک میں اپنائے گئے اقدامات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- **چہرے کے نقاب:** تمام عملے اور طلباء کو چہرہ ڈھانپنے کے لیے کپڑے کے نقاب فراہم کیے جائیں گے اور انہیں تمام وقت پہننے کی ضرورت ہے۔
- **پوڈز:** طلباء اور معلمین کو دیگر طلباء کا سامنا کرنے کو کم کرنے، کلاس روم میں سماجی فاصلہ بندی کے قابل بننے، اور رابطہ ٹریس کرنے میں معاونت کے لیے متوازن پوڈز یا مختصر سائز کی کلاسوں میں گروپ بند کیا جائے گا۔
- **روزانہ اسکریننگز:** طلباء کے کلاس میں داخلے سے قبل درجۂ حرارت کی پڑتالیں، ہاتھ دھونا، اور روزانہ کی صحت کی اسکریننگز درکار ہوتی ہیں۔
- **ٹیسٹنگ:** COVID-19 کے پھیلاؤ کے روک تھام میں مدد کے لیے، ڈسٹرکٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طلباء یا عملے کے کسی بھی ایسے رکن کو COVID-19 کے مفت ٹیسٹ تک رسائی حاصل ہو جس میں علامات ظاہر ہوتی ہیں یا کسی ایسے فرد سے نزدیکی رابطے میں رہا ہے جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔
- **رابطے کی ٹریسنگ:** COVID-19 کی منتقلی میں کمی لانے کے لیے، CPS نے کیسز کی معلومات حاصل کرنے اور موزوں اطلاع نامہ مہیا کرنے کے لیے خدمت کے جذبے سے سرشار عملہ بھرتی کیا ہے۔ CPS یہ یقینی بنانے کے لیے CDPH کے ساتھ مشترکہ طور پر کام کرے گا کہ ایسے افراد جو نزدیکی رابطوں کے طور پر شناخت کیے جاتے ہیں ان کے رابطے کی فوری ٹریسنگ موجود ہو اور وہ شہری وسائل جیسا کہ نگرانی اور ٹیسٹنگ سے مربوط ہوں۔
- اضافی نگرانی کا عملہ: روزمرہ کی بنیاد پر صفائی کے جامع پروٹوکولز کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے، ڈسٹرکٹ نگرانی کے 400 اضافی عملے کو بھرتی کر رہا ہے۔
- **سینیٹائزر اور صابن:** ڈسٹرکٹ نے باقاعدگی سے ہاتھ دھونے اور سینیٹائز کرنے میں معاونت کے لیے انتہائی رش والے تمام علاقوں میں 50,000 ہینڈ سینیٹائزر ڈسپنسرز اور صابن کے ڈسپنسرز کی تعیناتی عمل میں لانے کے لیے $3.5 ملین سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے۔
- **جراثیم کش وائپس:** ڈسٹرکٹ نے کلاس رومز، دفاتر اور دیگر بہت زیادہ چھوئے جانے والے علاقوں کے لیے EPA سے منظور شدہ جراثیم کش وائپس کے 86,000 کنٹینرز خریدنے کے لیے $2 ملین سے زائد مختص کیے ہیں۔
- **ہسپتال کے زیرِ استعمال گریڈ کے جراثیم کش اسپریز:** ہر CPS اسکول میں ہسپتال کے زیرِ استعمال گریڈ والا مسٹر اسپرے یونٹ موجود ہے جو زیادہ سے زیادہ جراثیم کشی کے لیے EPA سے منظور کردہ جراثیم رہا کے ساتھ یکساں طور پر لاگو ہو گا۔
- **کمیونٹی اطلاع نامے:** CPS نے کسی بھی تصدیق شدہ COVID-19 کے کیسز سے نمٹنے کے لیے CDPH کی جانب سے تیار کردہ مستقل طریقہ کاروں اور کمیونٹی اطلاع نامے کے پروٹوکولز کو اپنایا ہے۔ عوامی آگاہی کو یقینی بنانے کے لیے، ڈسٹرکٹ cps.edu/school-reopening-2020 پر تصدیق شدہ COVID کیسز کو ٹریک کر رہا ہے۔
- **چھینک سے بچاؤ کے آلات اور اشارے:** تمام اسکولوں نے ملاقاتیوں کی آمد کی صورت میں عملے کی حفاظت کے لیے چھینک سے بچاؤ کے آلات اور دیگر طبعی رکاوٹیں نصب کی ہیں، اور نئی پالیسیز اور ضابطوں پر عمل کرنے کی تاکید کے لیے اسکول کی عمارتوں میں جگہ جگہ اشارے آویزاں کیے ہیں۔

ان اقدامات کو اٹھانے کے علاوہ، ڈسٹرکٹ نے یہ یقینی بنانے کے لیے تمام اسکولوں کا آڈٹ شروع کیا ہے کہ ہر کلاس روم میں ہوا کی نکاسی کا موزوں انتظام ہے اور ایک خود مختار حفظانِ صحت کے صنعتی ماہر کی جانب سے اس کا معائنہ کیا گیا ہے۔ یہ تجزیے نومبر کے اوائل میں مکمل کر لیے جائیں گے، اور نظر ثانی کی تکمیل کے بعد ہم رپورٹس کو عوامی طور پر دستیاب بنائیں گے۔ کوئی بھی ایسی کلاس روم جس میں ہوا کے بہاؤ کا موزوں انتظام نہیں ہوتا — جس سے مراد تازہ ہوا کی مستقل آمد اور نکلنا، جو کہ COVID-19 کے پھیلاؤ میں تخفیف کی خاطر ہوا کے بہاؤ کو بڑھانے کے لیے قومی طور پر بہترین عمل کاریوں کی مطابقت میں ہو — اس کا مواخذہ کیا جائے گا یا مرمتی کام کی تکمیل تک بند کر دیا جائے گا۔

**پری-k اور کلسٹر پروگرامنگ**

ڈسٹرکٹ کی پیشکش کے تحت، پری-k کے دن بھر کے، آدھے دن کے، اور ٹیوشن کی بنیاد پر چلنے والے پری-k پروگرامز میں شامل تمام طلباء پانچ دن اسکول میں حاضر ہوا کریں گے۔ ایسی فیملیز جو واپسی کے لیے تیار نہیں ہیں وہ ارادہ ظاہر کرنے کے فارم کو مکمل کرنے کے ذریعے پیشکش کو مسترد کر سکتی ہیں اور ان کا بچہ ذیل میں بیان کردہ چارٹ کے مطابق براہ راست اور خود مختارانہ تعلیمی عمل کے مجموعے کو وصول کرے گا۔

| **پری-k شخصی تعلیمی عمل<br>(شخصی کلاس کا سائز 15 طلباء تک ہوتا ہے)** | |
|---|---|
| پورے دن کے پروگرامز | فی دن 7 گھنٹے، فی ہفتہ 5 دن |
| آدھے دن کے پروگرامز | 2.5 تا 3 گھنٹے فی دن، فی ہفتہ 5 دن<br>*براہ کرم نوٹ کریں، تیسری شفٹ کے پروگرامز ورچوئل ہی رہیں گے |
| ٹیوشن کی بنیاد پر چلنے والے پروگرامز | فی دن 10 گھنٹے، فی ہفتہ 5 دن |
| **گھر پر تعلیمی عمل<br>(ایسی فیملیز کے لیے جنہوں نے شخصی تعلیمی عمل کو مسترد کیا ہے)** | |
| ورچوئل تعلیمی عمل | فی دن حقیقی وقت کی ہدایت کے 60 منٹس اور خود مختارانہ تعلیمی سرگرمیوں کے 90 منٹس |

کلسٹر پروگرامز میں شامل زیادہ تر طلباء ہفتے میں 5 دن شخصی ہدایت موصول کریں گے۔ البتہ، سماجی فاصلہ بندی کے تقاضوں کے پیشِ نظر، کچھ اسکولز سماجی فاصلہ بندی کو عمل میں لانے اور محفوظ تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے ہائبرڈ ماڈل کی پیروی کر سکتے ہیں۔ IEP کے تمام تقاضوں پر عمل کیا جائے گا۔

کلسٹر پروگرامز میں معاونت کرنے والے عملے کو بھی دستانوں، گاؤنز، چہرے کے نقابوں، اور شیلڈز سمیت کام سے متعلقہ مناسب PPE فراہم کیے جائیں گے۔